احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کیلئے

جمعرات 12 جولائی 2007ء

روزنامہ
الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 C.P.L 29-FD

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعرات 12 جولائی 2007ء 26 جمادی الثانی 1428 ہجری 12 وفا 1386 ہش جلد 57-92 نمبر 156

بادشاہت نہیں چاہتا

قیصر روم ہرقل نے اپنے دربار میں ابوسفیان سے پوچھا کہ کیا مدعی نبوت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے آباؤ اجداد میں کوئی بادشاہ بھی ہوا ہے۔ ابوسفیان نے کہا نہیں۔ اس پر ہرقل نے یہ تبصرہ کیا کہ اگر اس کے باپ دادوں میں سے کوئی بادشاہ ہوتا تو میں کہتا کہ یہ ایک ایسا آدمی ہے جو اپنے باپ کی بادشاہت چاہتا ہے۔

(صحیح بخاری کتاب بدء الوحی حدیث نمبر:6)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

(۔) وہ ہے جو خدا تعالیٰ کی راہ میں اپنے تمام وجود کو سونپ دیوے یعنی اپنے وجود کو اللہ تعالیٰ کے لئے اور اس کے ارادوں کی پیروی کے لئے اور اس کی خوشنودی کے حاصل کرنے کے لئے وقف کر دیوے اور پھر نیک کاموں پر خدا تعالیٰ کے لئے قائم ہو جائے اور اپنے وجود کی تمام عملی طاقتیں اس کی راہ میں لگا دیوے مطلب یہ ہے کہ اعتقادی اور عملی طور پر محض خدا تعالیٰ کا ہو جاوے۔

''اعتقادی'' طور پر اس طرح سے کہ اپنے تمام وجود کو درحقیقت ایک ایسی چیز سمجھ لے جو خدا تعالیٰ کی شناخت اور اس کی اطاعت اور اس کے عشق اور محبت اور اس کی رضامندی حاصل کرنے کے لئے بنائی گئی ہے۔

اور ''عملی'' طور پر اس طرح سے کہ خالصاً للہ حقیقی نیکیاں جو ہر ایک قوت سے متعلق اور ہر یک خداداد توفیق سے وابستہ ہیں بجا لاوے مگر ایسے ذوق وشوق وحضور سے کہ گویا وہ اپنی فرمانبرداری کے آئینہ میں اپنے معبود حقیقی کے چہرہ کو دیکھ رہا ہے۔

............جس کی اعتقادی و عملی صفائی ایسی محبت ذاتی پر مبنی ہو اور ایسے طبعی جوش سے اعمال حسنہ اس سے صادر ہوں وہی ہے جو عنداللہ مستحق اَجر ہے اور ایسے لوگوں پر نہ کچھ خوف ہے اور نہ وہ کچھ غم رکھتے ہیں یعنی ایسے لوگوں کے لئے نجات نقد موجود ہے کیونکہ جب انسان کو اللہ تعالیٰ کی ذات اور صفات پر ایمان لا کر اس سے موافقت تامہ ہوگئی اور ارادہ اس کا خدا تعالیٰ کے ارادہ سے ہمرنگ ہو گیا اور تمام لذت اس کی فرمانبرداری میں ٹھہر گئی اور جمیع اعمال صالحہ نہ مشقت کی راہ سے بلکہ تلذذ اور احتظاظ کی کشش سے صادر ہونے لگے تو یہی وہ کیفیت ہے جس کو فلاح اور نجات اور رُستگاری سے موسوم کرنا چاہئے اور عالم آخرت میں جو کچھ نجات کے متعلق مشہود و محسوس ہو گا وہ درحقیقت اسی کیفیت راسخہ کے اظلال و آثار ہیں جو اس جہان میں جسمانی طور پر ظاہر ہو جائیں گے۔ مطلب یہ ہے کہ بہشتی زندگی اسی جہان سے شروع ہو جاتی ہے اور جہنمی عذاب کی جڑھ بھی اسی جہان کی گندی اور کورانہ زیست ہے۔

(۔) کی حقیقت تب کسی میں متحقق ہو سکتی ہے کہ جب اس کا وجود معہ اپنے تمام باطنی و ظاہری قویٰ کے محض خدا تعالیٰ کے لئے اور اس کی راہ میں وقف ہو جاوے اور جو امانتیں اس کو خدا تعالیٰ کی طرف سے ملی ہیں پھر اسی معطی حقیقی کو واپس دی جائیں اور نہ صرف اعتقادی طور پر بلکہ عمل کے آئینہ میں بھی اپنے (۔) اور اس کی حقیقت کاملہ کی ساری شکل دکھلائی جاوے یعنی شخص مدعی (۔) یہ بات ثابت کر دیوے کہ اس کے ہاتھ اور پیر اور دل اور دماغ اور اس کی عقل اور اس کا فہم اور اس کا غضب اور اس کا رحم اور اس کا حلم اور اس کا علم اور اس کی تمام روحانی اور جسمانی قوتیں اور اس کی عزت اور اس کا مال اور اس کا آرام اور سرور جو کچھ اس کا سر کے بالوں سے پیروں کے ناخنوں تک باعتبار ظاہر و باطن کے ہے یہاں تک کہ اس کی نیات اور اس کے دل کے خطرات اور اس کے نفس کے جذبات سب خدا تعالیٰ کے ایسے تابع ہو گئے ہیں کہ جیسے ایک شخص کے اعضا اس شخص کے تابع ہوتے ہیں۔ غرض یہ ثابت ہو جائے کہ صدق قدم اس درجہ تک پہنچ گیا ہے کہ جو کچھ اس کا ہے وہ اس کا نہیں بلکہ خدا تعالیٰ کا ہو گیا ہے اور تمام اعضاء اور قویٰ الٰہی خدمت میں ایسے لگ گئے ہیں کہ گویا وہ جوارح الحق ہیں۔

(آئینہ کمالات اسلام۔ روحانی خزائن جلد 5 ص58)

داخلہ مدرسۃ الظفر

(معلمین کلاس)

مدرسۃ الظفر ربوہ میں داخلہ کیلئے تحریری ٹیسٹ اور انٹرویو میٹرک کے نتیجہ کے بعد ہو گا معین تاریخ کا اعلان روزنامہ الفضل میں کر دیا جائے گا۔

2۔ ایسے طلباء جو زندگی وقف کر کے مدرسۃ الظفر میں داخلہ کے خواہشمند ہیں۔ وہ داخلہ کیلئے ابھی سے اپنی درخواست والد/سرپرست کی تصدیق کے ساتھ اور مقامی جماعت کے امیر صاحب/صدر صاحب کی تصدیق سے نظامت ارشاد وقف جدید ربوہ کو ارسال کریں تا کہ داخلہ کے انٹرویو سے پہلے ضروری دفتری کارروائی مکمل کی جا سکے گی۔

شرائط برائے داخلہ مدرسۃ الظفر

☆ امیدوار کا میٹرک پاس ہونا ضروری ہے۔
☆ میٹرک پاس امیدوار کی عمر 20 سال سے زائد نہ ہو
☆ ایف اے/ایف ایس سی پاس امیدوار کی عمر 22 سال سے زائد نہ ہو۔
☆ قرآن کریم ناظرہ صحت کے ساتھ پڑھنا جانتا ہو۔
☆ مقامی جماعت کے امیر صاحب/صدر صاحب کی سفارش امیدوار کے حق میں ہو۔
☆ انٹرویو بورڈ کے تحریری اور زبانی امتحان میں پاس ہو۔
☆ میڈیکل رپورٹ کے مطابق صحت درجہ اول ہو۔ (میڈیکل چیک اپ انٹرویو میں کامیابی کے بعد فضل عمر ہسپتال ربوہ میں ہوگا)

ہدایات

1۔ امیدواران درخواست میں نام، ولدیت اور تاریخ پیدائش سکول کے ریکارڈ کے مطابق درج کریں۔ نیز واقفین نو اپنا حوالہ وقف نو بھی درج کریں۔ امتحان کا نتیجہ نکلنے کے فوراً بعد اپنے نتیجہ کی اطلاع دیں اور سند سرٹیفکیٹ کی تصدیق شدہ فوٹو کاپی دفتر نظارت ارشاد وقف جدید میں پہنچا دیں تا کہ انٹرویو سے قبل میرٹ لسٹ مکمل کی جا سکے۔

2۔ قرآن کریم ناظرہ صحت کے ساتھ پڑھنے کو یقینی بنائیں۔ روزانہ قرآن کریم کی تلاوت کرتے رہیں۔ عربی اور انگریزی کے معیار کو نیز دینی معلومات اور

(باقی صفحہ 11 پر)

شفقتوں کی رداء

مرے سر پہ چھاؤں ہے نور کی، مرا سائباں ہی عجیب ہے
مری روح کی بھی اماں وہی، مرے قلب کا بھی نقیب ہے

وہ سرور بھی مری دید کا، وہی شفقتوں کی رداء بھی ہے
اسے دیکھ لوں تو حسین ہے، وہ ملے اگر تو حبیب ہے

اسے فرش راہ جہان ہے، اسے کُل جہاں کا دھیان ہے
وہ یہاں نہیں ہے تو کیا ہوا، یہ دیار خود ہی غریب ہے

سبھی غرق ہیں مئے عشق میں، سبھی باوفا، سبھی باصفا
ترا وصل بھی تو نصیب سے، یہاں اک جہاں تو رقیب ہے

مجھے وصل کی جو نوید ہو، مرے شوقِ دید کی عید ہو
میں اٹھائے کب سے ہوں پھر رہا، ترے ہجر کی جو صلیب ہے

یہاں ہر قدم پہ ملامتیں، یہاں ہر گھڑی ہیں قیامتیں
مجھے شاد اس کی اماں بہت، یہ جہاں اگرچہ مہیب ہے

حافظ عطاء کریم شاد

اللہ جماعت کی ضرورت پوری کرتا ہے

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے تحریک جدید کے 61ویں سال کے اعلان کے موقع پر فرمایا کہ:۔

’’جہاں تک جماعت کی ضروریات کا تعلق ہے یہ اللہ پوری کرتا ہے اس میں تو کبھی وہم کا شائبہ بھی میرے دل میں پیدا نہیں ہوا کہ چندے کم رہ جائیں گے ضرورتیں بڑھ جائیں گی۔

مجھے یاد ہے اسی سال ان کے جو وکیل چوہدری شبیر احمد صاحب وصولی کے ذمہ دار ہیں ان کی طرف سے مجھے تشویش کا پیغام ملا کہ ہم نے مہنگائی کے پیش نظر کارکنوں کے الاؤنس میں 20 فیصد کا اضافہ کر دیا ہے اور اب حیران ہیں کہ کیسے پورا ہوگا۔ انہوں نے میرے جواب کا ایک حصہ لکھ کر بھیجا ہے

’’دفتری تشویش کی کوئی وجہ نہیں، کوشش جاری رکھیں، مال تو اللہ نے ہی دینا ہے‘‘

کہتے ہیں یہ پیغام ملنے بعد جو پہلا دورہ کیا اس دورے میں سارا 20 فیصد اضافہ حاصل ہو گیا بلکہ اس سے معاملہ بڑھ گیا۔

(مرسلہ: وکیل المال اول تحریک جدید)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

نماز جنازہ حاضر

مکرم منیر احمد صاحب جاوید پرائیویٹ سیکرٹری لندن تحریر کرتے ہیں کہ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ 2 جولائی 2007ء کو قبل نماز ظہر بمقام بیت فضل لندن میں نماز جنازہ حاضر پڑھائی۔

مکرمہ سلیمہ میاں صاحبہ (اہلیہ مکرم عقیل میاں صاحب آف سربٹن۔ یوکے)

آپ 29 جون 2007ء کو 60 سال کی عمر میں بعارضہ کینسر وفات پا گئیں۔ مرحومہ نے 1968ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کے وقت میں بیعت کی سعادت حاصل کی تھی اور حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے دور میں آپ سوال و جواب کی کیسٹس تیار کرنے والی ٹیم میں خدمت کی توفیق پاتی رہیں۔ نہایت مخلص اور خدمت دین کا جذبہ رکھنے والی نیک خاتون تھیں۔ پسماندگان میں میاں کے علاوہ ایک بیٹی اور دو بیٹے یادگار چھوڑے ہیں۔

اللہ تعالیٰ مرحومہ سے مغفرت کا سلوک فرماتے ہوئے ان کے درجات کو بلند تر فرمائے اور لواحقین کا ان کے بعد خود نگہبان ہو۔ آمین

ملازمت کے مواقع

پاکستان پٹرولیم لمیٹڈ کو چیف پرسنل آفیسر درکار ہے۔ درخواستیں 30 جولائی 2007ء تک بنام جنرل مینیجر ہیومن ریسورسز پاکستان پٹرولیم لمیٹڈ فلور 6 پی آئی ڈی سی ہاؤس ڈاکٹر ضیاء الدین احمد روڈ پی او بکس نمبر 3942 کراچی 75530 پاکستان بھجوائی جا سکتی ہیں۔

فیصل بینک کو کسٹمر فنانس سیلز، برانچ مینجمنٹ، برانچ سیلز اینڈ سروس اور کیش ہینڈ لنگ میں نوجوان درکار ہیں۔ درخواستیں 21 جولائی 2007ء تک بنام فیصل بینک لمیٹڈ فیصل ہاؤس شاہراہ فیصل کراچی بھجوائی جا سکتی ہیں۔

ایک پبلک سیکٹر ٹیکنیکل اینڈ سائنٹیفک آرگنائزیشن کو مختلف ڈیپارٹمنٹ میں مینیجرز اور اسسٹنٹ مینیجرز درکار ہیں۔ درخواستیں 22 جولائی 2007ء تک بنام مینیجرز اور اسسٹنٹ مینیجرز درکار ہیں درخواستیں 22 جولائی 2007ء تک بنام مینیجر ہیومن ریسورسز پی او باکس 2023 اسلام آباد بھجوائی جا سکتی ہیں۔

الفلاح بینک لمیٹڈ کو ٹرینی آفیسرز، کیش آفیسرز اور آپریشنز آفیسرز درکار ہیں۔ درخواستیں 15 جولائی 2007ء تک جمع کروائی جا سکتی ہیں۔ مزید تفصیلات کیلئے www.balcareers.com پر رابطہ کریں۔

سول ایوی ایشن اتھارٹی کو جنرل مینیجر کمرشل، کارپوریٹ مینیجر کمرشل، ڈپٹی مینیجر کمرشل اور لینگویج انسٹرکٹر درکار ہیں۔ درخواستیں 6۔اگست 2007ء تک بنام جنرل مینیجر ہیومن ریسورسز (سسٹم ڈیویلپمنٹ) ہیڈ کوارٹر سول ایوی ایشن اتھارٹی ٹرمینل ون Jiap کراچی بھجوائی جا سکتی ہیں۔

ایک پاور پلانٹ کو ڈپٹی مینیجر یوٹیلیٹیز، اسسٹنٹ مینیجر آپریشن، اسسٹنٹ مینیجر مکینیکل، اسسٹنٹ مینیجر کنٹرول اینڈ انسٹرومینٹیشن، شفٹ انجینئرز، مکینیکل انجینئرز، کنٹرول اینڈ انسٹرومینٹیشن انجینئرز، الیکٹرونک انجینئر، سافٹ ویئر اینالسٹ اور کیمیکل انجینئر درکار ہیں۔ درخواستیں 17 جولائی 2007ء تک بنام جنرل مینیجر (پی اینڈ یو) K-41 ماڈل ٹاؤن لاہور بھجوائی جا سکتی ہیں۔

یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز لاہور میں مختلف ڈیپارٹمنٹ میں 45 آسامیاں خالی ہیں۔ درخواستیں 28 جولائی 2007ء تک بنام رجسٹرار آفیسر بھجوائی جا سکتی ہیں۔

نوٹ:۔ تمام اشتہارات کی مزید تفصیل 8 جولائی کے اخبار ڈان میں ملاحظہ فرمائیں۔

(نظارت صنعت و تجارت)

اعلان دارالقضاء

(مکرم عطاء الرحمٰن صاحب وغیرہ ترکہ مکرم غلام محمد صاحب)

مکرم غلام محمد صاحب کے ورثاء کی درخواست کے مطابق ان کے والد مکرم غلام محمد صاحب وفات پا گئے ہیں۔ ان کے نام قطعہ نمبر 17/1 محلّہ دارالفضل برقبہ 3 کنال 19 مرلہ 95 مربع فٹ میں سے صرف 9 مرلہ 250 مربع فٹ الاٹ ہے۔ یہ رقبہ مرحوم کے ورثاء میں بحصص شرعی تقسیم کر دیا جائے۔ مرحوم کی ورثاء کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

(1) مکرم عطاء الرحمٰن صاحب (بیٹا)

(2) مکرمہ ناصرہ بیگم صاحبہ (بیٹی)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ کسی وارث یا غیر وارث کو اس منتقلی پر اگر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دفتر ہذا کو مطلع کر کے ممنون فرمائیں۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعائیں

بیسویں صدی میں شفیع المرسلینؐ کے ایک غلام کی متبرک تحریر

آں شہ عالم کہ نامش مصطفیٰ ‖ سید عشاق حق شمس الضحیٰ
آنکہ ہر نورے طفیل نور اوست ‖ آنکہ منظور خدا منظور اوست

مکرم مولانا دوست محمد صاحب شاہد۔ مؤرخ احمدیت

پاکباز بندوں کے لئے خدا کی غیرت

سیدنا حضرت مسیح موعود نے اپنی مشہور عالم ضخیم تالیف چشمہ معرفت ص 167 میں یہ پُر اسرار نکتہ واضح فرمایا کہ:۔

''خالص محبت الٰہی اور خالص عشق الٰہی اخفاء کو چاہتا ہے اس لئے پاک لوگوں کے اندرونی اسرار پر کوئی واقف نہیں ہوسکتا۔ ہاں خدا نہیں چاہتا کہ وہ مخفی رہیں اور وہ اپنے دوستوں کے لئے اس قدر غیرت مند ہے کہ کوئی دنیا میں ایسا غیرت مند نہیں ہوگا۔ وہ ان کے لئے بڑے بڑے کام دکھاتا ہے اور ان کی عزت کو تمام دنیا میں شہرت دیتا ہے۔ نادان چاہتا ہے کہ وہ معدوم ہوجائیں ان کا نام ونشان نہ رہے وہ ذلیل اور بدنام ہو جائیں اور ان کی زندگی ناپاک وملوث ثابت ہو اور ہزاروں تہمتوں کا انبار لوگوں کے سامنے رکھ دیتا ہے مگر وہ جوان کے دل کو دیکھتا ہے اور ان کے پاک تعلق پر اطلاع رکھتا ہے وہ...... آپ کھڑا ہوجاتا ہے اور اس کی غیرت اپنے اس پیارے کے لئے جوش مارتی ہے تب وہ لاکھوں تہمتوں کو ایک ہی کرشمۂ قدرت سے کالعدم کر دیتا ہے''۔

(چشمۂ معرفت۔ روحانی خزائن جلد 23 ص 175)

خدا کے ان پاک نفس بندوں میں حضرت چوہدری محمد ظفر اللہ خاں صاحب (ولادت 6 فروری 1893ء۔ وفات یکم ستمبر 1985ء) بھی تھے جن کی عاجزی، فروتنی اور عاجزانہ راہیں مولیٰ حقیقی کو ایسی پسند آئیں کہ آپ کی زندگی کا ایک ایک لمحہ خدا کی نصرتوں کا نشان بن گیا۔ آپ نے اپنی سوانح عمری ''تحدیث نعمت'' کی ابتداء درج ذیل الفاظ سے کی ہے۔

''الٰہ العٰلمین میں تیرا نہایت عاجز اور پُر خطا بندہ ہوں تو میری ہر کمزوری لغزش اور تقصیر کو خوب جانتا ہے میں تیرے بے پایاں احسانات اور اپنی لاتعداد تقصیروں اور خطاؤں کے بوجھ کے نیچے دبا ہوا ہوں **تیری رحمت کی انتہاء نہیں اور میری کمزوریوں کا شمار نہیں''۔**

نہاں اندر نہاں ہے کون لاوے
غریقِ عشق وہ موتی اٹھاوے

وہ دیکھے نیستی رحمت دکھاوے
خودی اور خودروی کب اس کو بھاوے

(درثمین)

حضرت چوہدری صاحب کی پوری عمر عبادت اور دعاؤں سے عبارت ہے۔ ایک لمبا عرصہ تک مغربی دنیا میں سفر اور قیام کے باوجود پنجوقتہ نمازوں ہی کا التزام نہیں رکھا بلکہ کبھی تہجد میں ناغہ نہیں ہونے دیا۔ وزارت خارجہ پاکستان کے سربراہ ہونے کے زمانہ میں جب حادثہ جھمپیر ہوا تو آپ اس وقت تہجد کے دوران اپنے مولیٰ کے ساتھ ناز و نیاز میں مصروف تھے۔

آپ نے دعاؤں کے ہر موقع سے فائدہ اٹھایا۔ آپ نے حضرت مولانا جلال الدین رومی، حضرت سید عبدالقادر جیلانی جیسے اکابر صوفیاء کے مزاروں پر حاضری دی اور دعا کی۔ یہی نہیں ایک ولولہ عشق کے ساتھ حج بیت اللہ کی سعادت حاصل کی۔ آپ اپنی قلبی کیفیت کا نقشہ کھینچتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں:۔

''تلبیہ کے کلمات دل میں ایسی والہانہ کیفیت پیدا کر دیتے تھے کہ آنکھیں پُرنم رہتی تھیں۔ مدینہ منورہ کے قیام کے دوران میں طبیعت زیادہ تر درود شریف کی طرف مائل رہتی تھی''۔

(تحدیث نعمت ص 724 طبع دوم دسمبر 1982ء ناشر اعجاز احمد صاحب وبشیر احمد صاحب)

یہ محبت الٰہیہ ہی کا اعجاز تھا کہ آپ نے تاریخ عالم پر ایسے دائمی نقوش چھوڑے ہیں کہ زمانہ کی نیرنگیاں قیامت تک ان کو مدھم کر ہی نہیں سکتیں۔ جگر مراد آبادی فرماتے ہیں:۔

ہم کو مٹا سکے یہ زمانہ میں خم نہیں
ہم سے زمانہ خود ہے زمانے سے ہم نہیں

حق یہ ہے وزارت خارجہ پاکستان سے لے کر عالمی عدالت اور یو این او کی صدارت تک کے سب اعزاز بظاہر آپ کی عزت افزائی کا رنگ رکھتے ہیں مگر حقیقت میں یہ آپ کا احسان عظیم تھا کہ آپ نے ان اعزازات کو شرف قبولیت بخشا۔ بطل احمدیت حضرت چوہدری محمد ظفر اللہ خاں صاحب کے بلند پایہ روحانی مقام کی ایک مختصر سی جھلک دیکھنے کے بعد آیئے آپ کے قلم مبارک سے لکھے ہوئے مضمون ''رسول اللہ ﷺ کی دعائیں'' کا مکمل متن مطالعہ کریں یہ مضمون پون صدی سے زائد عرصہ قبل الفضل قادیان نے 26 نومبر 1933ء کی اشاعت میں ریکارڈ کیا۔

دعا پر زور

انبیاء کی بعثت کی غرض بنی نوع انسان کو خدا تعالیٰ تک پہنچانا ہے۔ اس لحاظ سے رسول اللہ ﷺ کی پاک سیرت اور تعلیم کا معمولی سا مطالعہ بھی اس حقیقت کو واضح کر دیتا ہے کہ حضور کی بعثت سے یہ غرض بدرجہ اتم پوری ہوئی۔ آپؐ نے اول تمام وہ روکیں دور کیں۔ جو انسان اور اس کے خالق کے درمیان حائل ہوگئی تھیں اور اللہ تعالیٰ کی ہستی۔ توحید اور صفات کی صحیح تصویر انسانوں کے سامنے پیش کی۔ جس سے وہ اپنے رب کو پوری طرح پہچان سکیں۔ تا کامل معرفت کے ساتھ کامل عشق اور محبت کا ولولہ انسانوں کے دلوں میں ابل پڑے کہ یہی حقیقی ایمان ہے اور اسی کے نتیجہ میں پاکیزہ خیالات اور جذبات نشوونما پاتے ہیں اور نیک اور نافع اعمال صادر ہوتے ہیں۔ پھر انسان کو وہ راہیں سکھائیں جن پر چل کر وہ اپنے رب کی محبت کو حاصل کرسکتا ہے کہ یہی آخری مقصد انسانی زندگی کا ہے۔ اس غرض کے حصول کے لئے سب سے مؤثر طریق جو رسول کریم ﷺ نے سکھایا۔ وہ دعا ہے۔ دوسرے انبیاء نے بھی بیشک اس طریق کو استعمال کیا اور اس کی تعلیم دی ہے۔ **لیکن موجودہ زمانہ میں غیر اقوام میں دعا کا صحیح مفہوم قریباً مفقود ہو چکا ہے اور دعا صرف ایک رسم رہ گئی ہے۔ جس کے اندر کوئی زندگی بخش طاقت نہیں۔ اس کی ایک بڑی وجہ یہ ہے کہ ان مذاہب میں اللہ تعالیٰ کی صفات کا صحیح علم اور ان کی معرفت مفقود ہو چکی ہے اور اس لئے اللہ تعالیٰ کے ساتھ تعلق قائم کرنے کی خواہش پیدا نہیں ہوتی۔**

دعا کرنے کے طریق

رسول اللہ ﷺ کے بیشمار اور بہت بڑے احسانوں میں سے جو آپ نے بنی نوع انسان پر کئے۔ ایک بہت بڑا احسان یہ ہے کہ آپؐ نے ایسے ایسے طریق ہمیں دعا کے سکھائے ہیں۔ جو ایک طرف صفات الٰہی کی معرفت کی تکمیل کرتے رہتے ہیں اور دوسری طرف ایک نہایت لطیف سلسلہ راز و نیاز کا بندے اور اس کے رب کے درمیان قائم کر دیتے ہیں اور پھر اسے تازہ کرتے رہتے ہیں۔ یہ مضمون خود نہایت لطیف اور نہایت وسیع ہے۔ میں اس جگہ صرف اس کے ایک پہلو کے متعلق مختصر طور پر لکھنا چاہتا ہوں۔

ہر مقصد کے حصول کے لئے کیا کرنا چاہئے

رسول اللہ ﷺ کی تعلیم اور حضورؐ کی ہدایات پر اگر پورا عمل کیا جائے تو انسان کی زندگی کا ہر شعبہ اور اس کا ہر لحظہ اللہ تعالیٰ کی رضا کے ماتحت آجاتا ہے اور انسان کامل اطمینان کی زندگی بسر کرنا شروع کر دیتا ہے۔ حضورؐ نے یہ حقیقت انسانوں کے ذہن نشین کرانے کی کوشش کی کہ انسان کی زندگی اور اس کے تمام قویٰ اور طاقتیں اور دنیا کے تمام اسباب جن کا انسانی زندگی اور انسانی اعمال پر اثر پڑتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا عطیہ ہیں۔ پھر انسان کے تمام اعمال کے نتائج اور دنیا کے عام اسباب کے اثرات اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہیں اور اسی کی رضا اور حکمت کے ماتحت ان کا ظہور ہوتا ہے۔ اس لئے ضروری ہے کہ ہر شعبۂ زندگی میں ہر مقصد کا حصول کے لئے اور ہر عمل سے صحیح اور مفید نتیجہ حاصل کرنے کے لئے اول اپنے مقاصد اور اعمال کو خدا کی رضا کے ماتحت رکھا جائے اور پھر اس سے استعانت کی جائے۔

دعاؤں کا پہلا درجہ نماز ہے

دعاؤں میں سب سے پہلا درجہ نماز کا ہے۔ حضور نے اپنے متعلق تو فرمایا ہے۔ نماز میری آنکھوں کی ٹھنڈک ہے اور ایک مومن کی روحانی زندگی کے محض قیام کے لئے یہ کم سے کم روحانی خوراک ہے۔ اس کے اوقات کا تقرر گویا اس طور پر ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو اپنے دربار میں طلب کیا ہے اور ان اوقات پر ان کی حاضری دربار میں لازم کر دی ہے۔ انسان صبح سویرے اٹھے اور فجر کے دربار میں حاضر ہونے کی تیاری کر کے دربار میں حاضر ہو۔ پھر اپنے کاروبار میں لگ جائے۔ لیکن کچھ وقت گزر جانے پر اس کے اندر ایک بے قراری اور گھبراہٹ پیدا ہوجائے گی اور وہ ایک دوری محسوس کرنے لگ جائے گا۔ اس لئے اللہ تعالیٰ کی شفقت نے اسے پھر بلایا کہ وہ دوپہر کے دربار میں حاضر ہو۔ پھر اس کے بعد جلد جلد سہ پہر کے دربار میں، پھر شام کے دربار میں اور پھر اس آخری دربار میں جس کے بعد اس پر ایک عارضی موت وارد ہو جاتی ہے۔ لیکن اسے تسکین دی گئی ہے کہ ان کے لئے جو خاص مقربین میں داخل ہونا چاہتے ہیں۔ رات کے آخری حصہ میں ایک خاص دربار منعقد ہوگا۔ وہ جن کا عشق انہیں ہر لحظہ بے قرار رکھتا ہے اس دربار میں حاضر ہوں گے۔ اس کے تھوڑی دیر بعد پھر دن کے دربار عام شروع ہو جائیں گے۔ ایک انسان جو دن بھر میں **پانچ دفعہ الٰہی دربار میں حاضر ہو اور خلوص نیت**

اور ولولہ عشق کے ماتحت حاضر ہو۔ اس کے درمیانی اوقات اسی اخلاص اور ولولہ سے رنگین رہیں گے اور اسے ہر ایسے امر سے اجتناب رہے گا جو اس کے اور اس کے خالق کے درمیان بعد کا باعث ہو سکتا ہے اور ابھی ایک دربار میں حاضری کا اثر زائل نہ ہوا ہوگا کہ اسے دوبارہ طلب کر لیا جائے گا۔

ہر وقت یادِ حبیب

پھر رات کے آنے پر وہ آخری دربار سے واپس ہوتے ہی اپنی جان اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دیتا ہے۔ نیند کے عرصہ میں بھی وہ نیم خوابی میں اپنے محبوب کو یاد کرتا رہتا ہے اور آخری حصہ رات میں مقربین کے دربار میں حاضر ہوتا ہے۔ گویا وہ رات کا عرصہ جو تاریکی اور اضطراب کا عرصہ ہوتا ہے۔ ایک قسم کی نیم موت اور نیم زندگی میں گزارتا ہے۔ اس کیفیت کو رسول کریم ﷺ نے اپنے متعلق یوں فرمایا ہے کہ میری آنکھ تو سو جاتی ہے لیکن میرا دل بیدار رہتا ہے جس شخص کے دل میں محبت کی چنگاری سلگ چکی ہو۔ اسے مقررہ اوقات میں یادِ حبیب سے پورا اطمینان حاصل نہیں ہو سکتا۔ اس کی کیفیت تو ایک دائمی گداز اور درد کو چاہتی ہے اور وہ اپنے ہر فعل بلکہ سکون کو اپنی محبت کے اظہار اور اس کے ازدیاد کے لئے بہانہ سمجھتا ہے۔ یہ وہی کیفیت ہے جس کے متعلق رسول اللہ ﷺ نے یوں اظہار فرمایا ہے کہ میری نماز اور میری عبادتیں۔ میری زندگی اور میری موت سب اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں۔ چنانچہ ہم حضور کی زندگی میں دیکھتے ہیں کہ آپؐ نے انسانی زندگی کے ہر مرحلہ کو بلکہ ہر لحظہ کو ذکر الٰہی کی ایک تقریب بنا دیا ہے۔ تا حیات انسانی اظہار عشق الٰہی کا ایک پیہم و پیوستہ سلسلہ بن جائے اور قلب انسانی اس سے دائمی سرور حاصل کرے۔

ہر موقعہ کے لئے دعا

آپؐ نے ہر موقعہ اور ہر تقریب کے لئے دعا سکھائی ہے اور ہر دعا اپنے اندر معارف کا ایک سمندر رکھتی ہے۔ ایک طرف تو دعا ہے اور دوسری طرف کسی صفت الٰہی کی تفسیر اور کسی مقصد حیات انسانی کی طرف راہنما۔ ان دعاؤں میں علم اور معرفت کا ایک خزانہ ہے اور محبوب حقیقی کے ساتھ راز و نیاز کا ایک لطیف سلسلہ۔

میں اس مضمون کی حدود کے اندر ان تمام دعاؤں میں سے چند ایک کا ذکر بھی نہیں کر سکتا۔ صرف دو تین دعاؤں کے بعض حصوں کا ذکر نمونہ کے طور پر کروں گا اور امید کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ سے محبت کرنے والے اس مختصر ذکر سے ہی محسوس کر سکیں گے کہ رسول اللہ ﷺ نے انسان اور اس کے مالک کے درمیان محبت کا سلسلہ مضبوط کرنے اور اس رستہ پر انسان کی راہنمائی کرنے میں کس قدر احسان عظیم نسل انسانی پر کیا ہے۔

ان مواقع کا تو شمار بھی نہیں جن کے لئے رسول اللہ ﷺ نے دعائیں سکھائی ہیں۔ میں چند ایک کا ذکر کرتا ہوں۔ مثلاً صبح آنکھ کھلنے پر دعا کرے۔ کپڑا پہنے تو دعا کرے۔ بیت الخلاء میں جائے تو دعا کرے۔ وہاں سے باہر آئے تو دعا کرے۔ وضو کرے تو دعا کرے۔ بیت کو جائے تو دعا کرے۔ پھر نماز تو خود دعا ہی ہے۔ کسی سے ملے تو دعا کرے۔ جدا ہو تو دعا کرے۔ کھائے تو دعا کرے۔ کھانا ختم کرے تو دعا کرے۔ سواری کرے تو دعا کرے۔ ہر کام کے شروع میں دعا کرے۔ کامیابی پر دعا کرے حتیٰ کہ ناکامی پر بھی دعا کرے۔ تکلیف میں دعا کرے۔ آرام میں ہو تو دعا کرے۔ بیمار ہو تو دعا کرے۔ مشکل میں ہو تو دعا کرے۔ غصہ میں آئے تو دعا کرے۔ مقابلہ پڑے تو دعا کرے۔ گھر سے نکلے تو دعا کرے۔ گھر میں آئے تو دعا کرے۔ سفر پر جائے تو دعا کرے۔ واپس آئے تو دعا کرے۔ کسی کام کے متعلق فیصلہ کرنے سے پہلے دعا کرے۔ قرضہ میں ہو تو اس سے نکلنے کے لئے دعا کرے۔ بارش نہ ہو تو دعا کرے۔ بارش ہو رہی ہو تو دعا کرے۔ ہوا تیز چلے تو دعا کرے۔ بجلی کڑکے تو دعا کرے۔ نکاح پر دعا کرے۔ اپنے لئے اپنی بیوی کے لئے اور آئندہ نسلوں کے لئے۔ بیوی کے پاس جائے تو دعا کرے۔ سوئے تو دعا کرے۔ نیند نہ آئے تو دعا کرے۔ نیند میں ڈر جائے تو دعا کرے۔ غرض کوئی موقعہ اور مرحلہ زندگی کا ایسا نہیں۔ جس کے لئے حضور نے مناسب دعا نہ سکھلائی ہو۔ ان دعاؤں سے جہاں انسان کی اپنی معرفت بڑھتی ہے اور اللہ تعالیٰ سے تعلق مضبوط ہوتا ہے۔ وہاں رسول اللہ ﷺ کے پاک دل کی کیفیات کا اندازہ کرنے کا بھی موقعہ ملتا ہے جس دل کی کیفیت کو یہ دعائیں ظاہر کرتی ہیں۔ اس کے متعلق کوئی ایسا قیاس کرنا جو مخالفین اسلام حضور کی ذات مبارک کے متعلق کرتے رہتے ہیں۔ صریح ظلم اور بدبختی ہے۔ اب میں نمونہ کے طور پر ان دعاؤں میں سے بعض کا مفہوم پیش کرتا ہوں۔

گھر سے نکلنے کے وقت کی دعا

گھر سے نکلنے کے وقت حضور کی دعا ہوا کرتی تھی۔ ''میں اللہ کے نام کے ساتھ گھر سے نکلتا ہوں اور اللہ تعالیٰ پر ہی توکل کرتا ہوں۔ وہی بدی پر غلبہ کی اور نیکی کے حصول کی طاقت عطا کر سکتا ہے۔ اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں۔ اس امر سے کہ میں کسی غلطی میں پڑ جاؤں یا کوئی مجھے غلطی میں ڈال دے اور اس سے کہ میں کسی پر ظلم کروں۔ یا مجھ پر کوئی ظلم کرے اور اس سے کہ میں کسی پر زیادتی کروں یا مجھ پر کوئی زیادتی کرے''۔

بیت الذکر کو جاتے وقت کی دعا

بیت الذکر کو جاتے وقت حضور کی دعا ہوا کرتی تھی ''اے اللہ میرے دل میں نور ڈال دے اور میری زبان میں نور ڈال دے۔ میرے کانوں میں نور ڈال دے اور میری آنکھوں میں نور ڈال دے۔ میرے پیچھے نور کر دے اور میرے آگے نور کر دے۔ میرے اوپر نور کر دے اور میرے نیچے نور کر دے۔ مجھے نور ہی نور کر دے۔ اے اللہ تو بادشاہ ہے تیرے سوائے کوئی لائق عبادت نہیں۔ میں تیرا بندہ ہوں۔ میں نے اپنی جان پر زیادتیاں کیں اور اپنی کمزوریوں کا اعتراف کرتا ہوں۔ تو میری کمزوریوں کو رفع کر دے۔ کیونکہ تیرے سوائے کوئی انہیں رفع نہیں کر سکتا۔ اور اعلیٰ اخلاق کی طرف میری راہنمائی فرما کیونکہ تیرے سوائے کوئی ایسی راہنمائی نہیں کر سکتا۔ میں تیری فرمانبرداری کے لئے حاضر ہوں۔ اور تمام بھلائیوں کی توفیق تجھ سے ہی ہے اور بدی کا تیرے ساتھ کوئی تعلق نہیں۔ میں تیرا ہی ہوں اور تو ہی میرا مقصد ہے۔ بابرکت ہے تو اور بلند ہے تیرا درجہ۔ میں تجھ سے بخشش چاہتا ہوں اور تیری طرف لوٹتا ہوں۔

کسی کام کے متعلق فیصلہ کرنے کی دعا

کسی کام کا فیصلہ کرنے سے پہلے یہ فرماتے:۔

''اے اللہ بھلائی طلب کرتا ہوں میں تجھ سے تیرے علم کے لحاظ سے اور طاقت چاہتا ہوں تجھ سے تیری طاقت کے لحاظ سے اور مانگتا ہوں تجھ سے تیرے فضل عظیم سے۔ کیونکہ تجھے قدرت حاصل ہے اور مجھ میں کوئی طاقت نہیں اور تو جانتا ہے اور میں نہیں جانتا۔ اور تجھے ان باتوں کا علم ہے جو ظاہر نہیں۔ اے اللہ اگر تو جانتا ہے کہ یہ بات میرے لئے بہتر ہے دین اور دنیا اور انجام کے لحاظ سے۔ بہتر ہے تو مجھے اس کی توفیق عطا فرما اور اسے میرے لئے آسان کر دے اور اس میں میرے لئے برکت ڈال اور اگر تو جانتا ہے کہ اس میں میرے لئے کوئی برائی ہے تو اسے مجھ سے دور کر دے اور مجھے اس سے دور کر دے اور مجھے نیکی کی توفیق عطا فرما۔ جہاں بھی ہو اور پھر مجھے اس پر راضی کر دے''۔

سوتے وقت کی دعا

رات کو سوتے وقت کی دعا:۔

''اے اللہ میں تیرے نام کے ساتھ سوتا اور بیدار ہوتا ہوں میں اپنی جان تیرے سپرد کرتا ہوں اور تیری طرف متوجہ ہوتا ہوں اور اپنا معاملہ تجھ پر چھوڑتا ہوں اور تجھے ہی اپنا سہارا قرار دیتا ہوں۔ ڈرتے ہوئے اور امید رکھتے ہوئے کیونکہ تجھ سے سوائے تیری ہی ذات کے اور کوئی جائے پناہ اور نجات نہیں۔ میں ایمان رکھتا ہوں تیری کتاب پر جو تو نے اتاری اور تیرے نبی پر جس کو تو نے بھیجا''۔

قرض سے مخلصی کے لئے دعا

قرض سے خلاصی کے لئے یہ دعا سکھلائی:۔

''اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں فکر اور غم سے اور تیری پناہ مانگتا ہوں بے بسی اور سستی سے اور تیری پناہ مانگتا ہوں بزدلی اور کنجوسی سے اور تیری پناہ مانگتا ہوں قرض کے غلبہ اور لوگوں کے دباؤ سے۔ اے اللہ مجھے حلال روزی عطا کر اور حرام روزی سے بچالے اور اپنے فضل سے مجھے اپنے غیر سے مستغنی کر دے''۔

غصہ آنے کے وقت کی دعا

غصہ آ جائے تو دعا کی جائے۔

''اے اللہ میرے گناہ بخش دے اور میرے دل کا غیظ دور کر دے اور مجھے ہر برے اثر سے بچالے''۔

بحالت آرام کی دعا

گھر میں آرام سے رہتے ہوئے دعا:۔

''سب تعریف کے لائق ہے میرا رب۔ جس نے مجھے کفایت کی اور مجھے پناہ دی اور سب تعریف کے لائق ہے میرا رب جس نے مجھے کھلایا اور پلایا۔ سب تعریف کے لائق ہے میرا رب جس نے مجھ پر احسان کیا۔ میں دعا کرتا ہوں تجھ سے اے میرے رب کہ تو بچالے مجھے اپنی ناراضگی اور عذاب سے''۔

کسی بستی میں داخل ہونے کے وقت کی دعا

کسی بستی یا شہر میں داخل ہونے کے وقت کی دعا:۔

''اے اللہ جو مالک ہے تمام بلندیوں کا اور اس کا جو ان کے نیچے ہے اور مالک ہے زمینوں کا اور جو ان پر ہے اور غالب ہے تمام برائی کی طاقتوں پر اور اختیار رکھتا ہے ہر قسم کی تحریکوں پر۔ میں مانگتا ہوں تجھ سے بھلائی اس بستی کی اور اس کے رہنے والوں کی اور جو کچھ اس میں ہے اور پناہ مانگتا ہوں تیری اس بستی کے شر سے اور اس کے رہنے والوں کے شر سے اور جو کچھ اس میں ہے اس کی برائی سے۔ اے اللہ ہمیں اس کی زندگی بخش چیزیں عطا فرما اور اس کے برے اثرات سے بچالے۔ اے اللہ اس بستی کے رہنے والوں کے دلوں میں ہماری محبت ڈال دے اور ان میں سے جو نیک لوگ ہیں۔ ان کی محبت ہمارے دل میں ڈال دے''۔

بیوی کے پاس جانے کے وقت کی دعا

بیوی کے پاس جانے کے وقت کی دعا ''اللہ کے نام کے ساتھ اے اللہ ہمیں برے اثرات اور خیالات سے بچانا اور جو اولاد تو ہمیں بخشے اسے بھی بدی کے اثرات سے محفوظ رکھنا''۔

میاں بیوی کے تعلقات کی غایت کو بھی دعا ہی میں سکھا دیا ہے۔

یہ حکایت بہت لذیذ ہے اور دل چاہتا ہے کہ اسے لمبا کیا جائے۔ لیکن مضمون کی نوعیت کا لحاظ رکھتے ہوئے اسی پر اکتفا کرتا ہوں۔ اسی سے اصحاب بصیرت رسول اللہ ﷺ کے عشق الٰہی کا اندازہ کر سکیں گے۔ فداہ ابی وامی۔

مکرم غلام مصباح بلوچ صاحب

سیدنا حضرت مسیح موعود کے رفیق

حضرت قاضی غلام مرتضیٰ صاحب

حضرت قاضی غلام مرتضیٰ صاحب کا اصل وطن احمد پور سیال ضلع جھنگ تھا، آپ کے والد محترم کا نام قاضی محمد روشن دین صاحب تھا۔ جن دنوں حضرت مسیح موعود نے براہین احمدیہ تصنیف فرمائی ان دنوں آپ مظفر گڑھ میں اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر کے عہدہ پر فائز تھے، حضرت عبدالعزیز صاحب احمدی بیان فرماتے ہیں:۔

غالباً 78-1877ء کا واقعہ ہے کہ میں مظفر گڑھ شہر میں جماعت چہارم پرائمری میں پڑھتا تھا، میرا اکرم ومحترم بھائی منشی عبدالکریم قاضی غلام مرتضیٰ خان صاحب اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر کی پیشی میں محرر جوڈیشل تھا۔ مولوی جلال الدین صاحب ساکن گوجرانوالہ (خسر حضرت مولانا غلام رسول راجیکی صاحب ۔ ناقل) مظفر گڑھ کی ابتدائی بندوبست کے تاریخ نویس تھے، شیخ کریم بخش صاحب منصرم بندوبست اور میر محفوظ حسین صاحب محافظ دفتر تھے، چونکہ یہ چاروں احباب مذہباً ایک تھے اور ایک ہی مشرب کے تھے لہٰذا ہر روز شام کے بعد مولوی جلال الدین صاحب کے مکان ..... میں جمع ہوجاتے اور دن بھر میں جس قدر حصہ تاریخ اقوام ضلع مظفر گڑھ کا آپ تصنیف فرما کر لکھ لیتے وہ ان کو سنا دیا کرتے۔ اسی اثنا میں براہین احمدیہ کا پہلا اشتہار اہتمام اشاعت کا اتفاقاً ان کے پاس پہنچ گیا ....ان کے ساتھ شیخ غلام علی صاحب ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ بندوبست (آف رہتاس ضلع جہلم و یکے از 313۔ ناقل) بھی شامل ہوگئے اور ان پانچوں احباب نے کتاب کی قیمت پیشگی بذریعہ بیمہ رجسٹری قادیان روانہ کر دی ان دنوں منی آرڈر کا رواج نہ تھا، کچھ عرصہ بعد حضرت صاحب کا خط آیا کہ کتاب مذکور کا حجم بہت بڑھ گیا ہے اگر کچھ اور امداد بطور عطیہ ترسیل کر دی جائے تو ثواب میں منسوب ہوگی چنانچہ فی کس دو دو روپیہ اور روانہ کئے گئے۔

(الحکم 14 جولائی 1934ء صفحہ 9 کالم 1,2)

یہ پہلا غائبانہ تعارف تھا جو آپ کو حضرت مسیح موعود کا ہوا۔ براہین احمدیہ کے پہلے ایڈیشن کے ساتھ جو اعلان شائع ہوا ہے اس میں باقی پانچ احباب کے نام تو درج ہیں مگر حضرت قاضی غلام مرتضیٰ صاحب کا نام درج نہیں۔

حضرت قاضی صاحب نے 19 ستمبر 1889ء کو بیعت کی۔ اس طرح آپ ابتدائی بیعت کنندگان میں شمار ہوتے ہیں۔ رجسٹر بیعت میں 145 نمبر پر آپ کی بیعت کا اندراج ہے۔

جنوری 1890ء میں بیعت کے بعد پہلی مرتبہ آپ قادیان آئے تھے اسی موقع پر آپ نے دستی بیعت کا شرف حاصل کیا، جنوری 1890ء کا غالباً یہ دوسرا ہفتہ تھا جبکہ آپ قادیان میں آئے اور دس دن حضرت اقدس کی صحبت میں قیام کیا، اب تک بیعت کرنے والوں میں سرکاری عہدوں پر فائز بڑے عہدہ دار آپ ہی تھے۔

(حیات احمد جلد سوم حالات از 1889ء تا 1892ء صفحہ 54,55 از حضرت یعقوب علی عرفانی صاحب)

رجسٹر بیعت سے معلوم ہوتا ہے کہ مظفر گڑھ میں ملازمت کے وقت آپ کی رہائش قریہ دین پور قریب مظفر گڑھ میں تھی۔ حضور نے 1897ء میں جب 313 کبار رفقاء کی فہرست انجام آتھم میں شائع فرمائی تو اس میں آپ کے نام کے ساتھ حال پنشنر لکھا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ 1897ء تک آپ ریٹائر ہو چکے تھے، 313 رفقاء میں آپ کا نام 129 نمبر پر درج ہے۔

اسی طرح حضور نے ایک اشتہار میں مخالفین کی طرف سے گورنمنٹ کو پہنچائی گئی خلاف واقعہ اطلاعات کی تردید فرماتے ہوئے اپنے خاندان اور سلسلہ کے صحیح حالات بیان فرمائے چنانچہ 24 فروری 1898ء کو دیے گئے اس اشتہار میں بطور نمونہ اپنی جماعت کے 316 احباب کے نام درج فرمائے ہیں جس میں آپ کا نام بھی شامل ہے:

۸۔ قاضی غلام مرتضیٰ صاحب پنشنر اکسٹرا اسسٹنٹ مظفر گڑھ

(کتاب البریہ۔ روحانی خزائن جلد 13 صفحہ 357)

حضرت حافظ حامد علی صاحب بیان فرماتے ہیں:

ایک صاحب مظفر گڑھ کے غلام مرتضیٰ ....ڈپٹی تھے وہ ایک دنیا دار آدمی تھے ....ڈپٹی صاحب کی عمر اُس وقت ۷۰ سال کی ہوگی ...انھوں نے چاہا کہ... شادی کریں (یہ آپ کی دوسری شادی تھی۔ ناقل) لڑکی کا باپ راضی ہوگیا کہ بیٹی دے دوں۔ ڈپٹی صاحب کو حضرت صاحب کے حالات کا پتہ تھا انھوں نے چاہا یہ ملہم ہیں خدا اگر راضی ہو اور مجھے اس بڑھاپے میں شادی سے کچھ فائدہ ہو تو کروں ورنہ کیا ضرورت ہے؟ اس خیال سے حضرت صاحب سے خط و کتابت کی اور اپنا حال لکھا کہ اگر آپ خدا سے دریافت فرماویں کہ یہ شادی مبارک ہے تو میں شادی کرلوں، حضرت صاحب نے جواب میں لکھا کہ عام طور پر دعا تو ہر ایک سائل کے لیے کر دی جاتی ہے لیکن اگر کوئی خاص کراوے تو جب تک اُس کا کچھ تعلق اور بوجھ ہمارے ذمہ نہ ہو ہم دعا نہیں کر سکتے ہاں اگر آپ کو ضرورت ہے آپ قادیان آجائیں پھر ہم پر بوجھ پڑ جائے گا ہم دعا کریں گے۔ چنانچہ ڈپٹی صاحب معہ چند آدمیوں کے یہاں آئے اور حضرت صاحب نے ان کو گول کمرہ میں جگہ دی اور وہ وہاں اترے، خوب کھانے ان کے لیے حضرت صاحب کے حکم سے پکتے تھے اور وہ کھاتے تھے، حقہ نوشی بھی کرتے تھے۔

ایک دن شام کو عشاء کے وقت حضرت صاحب نے مجھ سے فرمایا حامد علی ہم آج ان کے لیے دعا کریں گے میں نے کہا بہت خوب، حضور میرے فلاں کام کے لیے بھی دعا فرماویں، آپ نے فرمایا بہت اچھا تم خود بھی دعا کرنا استخارہ بھی کرنا ہم بھی دعا کریں گے اور اندر تشریف لے گئے۔ صبح کی نماز کے وقت باہر تشریف لائے ....آپ نے فرمایا ''ہم نے رات ڈپٹی صاحب کے واسطے بہت دعا کی، دعا تو ہم نے تمہارے لیے بھی کی مگر تمہارے لیے ذرہ کم وقت خرچ کیا سناؤ تمھیں کچھ خواب آیا''۔ مجھ کو ایک خواب آیا تھا میں نے سنایا، فرمایا ٹھیک ہے یہ اسی امر کے متعلق ہے۔ فرمانے لگے ''ڈپٹی صاحب کے لیے بہت دعا کی گئی مگر پتہ نہیں وہ کہاں چلی گئی اور تمہارے لیے جو دعا کی اس کا تو نتیجہ معلوم ہوگیا''۔...... غرضیکہ وہ تین چار روز ٹھہرے حضور دعا کرتے رہے کوئی الہام نہ ہوا حضرت صاحب نے فرمایا دعا بہت کی گئی کوئی الہام نہیں ہوا آپ استخارہ کر کے نکاح کرلیں خدا بہتر کر دے گا۔ چنانچہ ڈپٹی صاحب نے نکاح کرلیا اور کچھ عرصہ کے بعد پھر خطوط لکھنے شروع کیے کہ حضور دعا کریں خدا ایک لڑکا عطا فرماوے۔ حضرت صاحب نے پھر لکھا کہ جب تک ہم پر بوجھ نہ پڑے خاص دعا نہیں ہوسکتی۔ چنانچہ وہ پورے سال کے بعد پھر آگئے اور بڑے ٹھاٹھ کے ساتھ کئی آدمیوں کے ساتھ۔ غرضیکہ پہلی طرح ان کی بڑی خاطر شروع ہوئی اور حضرت صاحب نے ان کے لیے دعایوں کرنی شروع کی کہ (بیت) مبارک کا وہ حصہ جو پہلے بنا ہوا تھا اُس کے تین درجے تھے سب سے اگلا درجہ نماز کے لیے اور درمیانی حصہ میں حضور نے چلّہ شروع کیا تیسرے درجہ میں زینہ کے پاس میری چارپائی ہوتی تھی۔ حضور نے روزے رکھنے شروع کیے اور رات کو (بیت) کے درمیانی حصہ میں حضور دری پر سو جایا کرتے تھے چارپائی پر نہ سوتے تھے۔ غرض گیارہ دن حضور نے دعا کی اور بہت دعا کی اور آپ نے ڈپٹی صاحب کو بہت دفعہ نصیحت فرمائی کہ حُقّہ چھوڑ دو، لوگوں سے کم ملا کرو، دن رات میں کم از کم پانچ سو دفعہ استغفار، پانچ سو دفعہ درود شریف پڑھا کرو غرض گیارہ دن کے بعد الہام ہوا ''اگر توبہ نصوحی کرے گا لڑکا دے دیں گے'' آپ نے اس کو فرمایا یہ الہام ہوا ہے توبہ کے ساتھ مشروط ہے ....اور حضور نے ڈپٹی صاحب کو بلوا کر رخصت کر دیا اور نصیحت فرمادی اگر توبہ کرو گے خدا لڑکا دے دے گا۔ چنانچہ ڈپٹی صاحب اپنے گھر کو چلے گئے۔ ہم حضرت صاحب اور میں لدھیانہ کو چلے گئے اور نو بجے رات کو لودھیانہ پہنچے اور وہاں ضروری انتظام کیا گیا۔ ایک سال بعد ڈپٹی صاحب کا خط آیا کہ حضرت میرے گھر میں لڑکا پیدا ہوا اور سات روز کا ہو کر آج مر گیا ہزاروں روپیہ لاگیوں وغیرہ کو دیا گیا برباد ہوگیا، عقیقہ نہ کیا لڑکا مر گیا میں روتا ہوں اور ساتھ ہی دو بکرے کرا کر گوشت تقسیم کر رہا ہوں۔ حضرت صاحب نے جواب میں تحریر فرمایا اس میں کچھ حکمتِ الٰہی تھی گھبراؤ نہیں خدا اور لڑکا دے گا۔ چنانچہ سال بعد ڈپٹی صاحب کے گھر میں لڑکا پیدا ہوا اور حضور کو اطلاع ملی۔ فالحمدللہ علی ذالک۔

(سیرت احمد صفحہ 5-1 از حضرت قدرت اللہ سنوری صاحب)

اس روایت سے حضرت قاضی صاحب کے حضرت مسیح موعود کی ذات پر یقین اور ایمان کا علم ہوتا ہے کہ حضور نے آپ کے لیے دعا میں توجہ پیدا کرنے کے لیے جب بھی آپ کو طلب فرمایا آپ قادیان پہنچے اور ایک لمبی مسافت کی پرواہ نہیں کی۔ آپ کے مزید حالات کا علم نہیں ہوسکا۔

کائنات اور نظام کائنات

☆ہماری زمین جس نظام شمسی میں شامل ہے اس کی وسعت کا یہ حال ہے کہ زمین سورج سے 15 کروڑ کلومیٹر دور ہے جبکہ پلوٹو کا سورج سے فاصلہ 15 ارب 91 کروڑ کلومیٹر ہے۔

☆ہماری زمین کا قطر 12754 کلومیٹر ہے سورج کا قطر 14 لاکھ کلومیٹر ہے یعنی زمین سے 109 گنا بڑا۔ قطر کی یہ وسعت تو کچھ بھی نہیں جبکہ ہماری کہکشاں کا قطر ایک لاکھ x 71 کھرب کلومیٹر ہے۔ اس کہکشاں میں ایک کھرب ستارے پائے جاتے ہیں اور اب تک ایسی کھرب سے زیادہ کہکشائیں دریافت ہو چکی ہیں۔

☆سائنسدانوں کا خیال ہے کہ کائنات کے درمیان ایک کہکشاں ایسی ہے۔ جس کے گرد تمام کہکشائیں چکر کاٹ رہی ہیں۔ ان کا ایک چکر 25 کروڑ سال میں پورا ہوتا ہے۔

☆اب تک جو کائنات معلوم ہوئی ہے اسے اگر مکعب کلومیٹر میں ناپا جائے۔ ایک مکعب کلومیٹر میں ایک کلومیٹر لمبائی۔ ایک کلومیٹر چوڑائی اور ایک کلومیٹر اونچائی ہو تو پوری معلوم کائنات کا گھیراؤ نکالنے کے لئے ایک کے آگے 69 صفر لگانے پڑیں گے۔ تب حساب پورا ہوگا۔ اس کے باوجود کائنات لامحدود ہے۔ اس کا احاطہ نہیں کیا جاسکتا۔ کیونکہ یہ مسلسل انتہائی تیز رفتاری سے مزید پھیل رہی ہے۔

☆اگر ہم 7 ہزار میل فی گھنٹہ کی رفتا سے سفر کریں تو کائنات عبور کرنے میں تین ہزار کھرب سال لگیں گے۔ وہ بھی اگر کائنات محدود ہو جبکہ کائنات لامحدود ہے۔

☆زمین اپنے محور پر 1000 میل فی گھنٹہ کی رفتار سے لٹو کی طرح گھوم رہی ہے۔ اگر زمین کی رفتار 100 میل فی گھنٹہ ہوتی تو ہمارے دن رات موجودہ دن رات سے دس گنا زیادہ لمبے ہوتے۔ زمین کی تمام ہریالی اور ہماری فصلیں سو گھنٹے کی مسلسل دھوپ میں جھلس جاتیں اور جو بچ رہتیں وہ لمبی سرد رات میں سردی کی نذر ہو جاتیں۔

(ماہنامہ ندائے کسان لاہور مئی 2006ء)

(مرسلہ: قریشی محمد کریم صاحب)

انسولین کیا ہے اور کیسے لگائی جائے؟

انسولین انسانی جسم میں پائی جانے والی ایک رطوبت (Hormone) جو لبلبے میں بنتی ہے۔ اس کے ذریعے شکر یعنی گلوکلوز ہماری خون کی نالیوں سے خلیوں کے اندر داخل ہوتی ہے۔ اس شکر سے خلیوں کے اندر طاقت نچوڑی جاتی ہے اور اس لئے غذا اور انسولین دونوں کے مل جانے سے ہمارے جسم کو طاقت ملتی ہے۔ جب خون کے اندر شکر کی سطح بڑھتی ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ (1) یا تو انسولین ہے ہی نہیں۔ (2) یا انسولین ہے اور صحیح طرح استعمال نہیں ہو رہی۔

قسم نمبر 1 کے علاج کے لئے انسولین کا استعمال ضروری ہے کیونکہ اس صورت میں جسم میں انسولین نہیں بنتی، اس لئے آپ کا معالج قسم 1 ذیابیطس کے لئے انسولین کا نسخہ لکھے گا۔ انسولین کی نہ گولیاں ہیں، نہ ہی پلز۔ انسولین مائع (Liquid) شے ہے جو انجکشن کے ذریعہ جسم میں جلد کی نچلی سطح میں داخل کی جاتی ہے۔ شروع شروع میں آپ کو ٹیکے کے خیال سے خوف آئے گا مگر آپ یوں سوچیں کہ اس کے فوائد بہت سے ہیں اور آہستہ آہستہ یہ روزمرہ کی زندگی کا حصہ بن جائے گا۔ یاد رکھیں کہ انسولین ایک بہت ضروری دوا ہے۔ اس کے استعمال سے آپ صحت مند زندگی گزار سکتے ہیں۔ اس میں فکر کرنے کی کوئی بات نہیں۔ انجکشن کی سوئی نہایت باریک ہوتی ہے اور انجکشن کوئی خاص تکلیف بھی نہیں پہنچاتا۔ جب لوگوں کو معلوم ہو جاتا ہے کہ وہ ذیابیطس کے مریض ہو گئے ہیں تو ان کو فکر لاحق ہو جاتی ہے کہ یہ تمام عمل کس طرح ہوگا مگر کچھ ہی عرصہ بعد وہ اس کے عادی ہو جاتے ہیں اور یہ عمل بہت آسان لگنے لگتا ہے۔ دنیا بھر میں کروڑوں لوگ روزانہ انسولین کا استعمال کرتے ہیں۔

انسانی انسولین (Human Insulin)

یہ انسولین انسانوں سے حاصل نہیں کی جاتی مگر اس کو نہایت جدید کیمیائی طریقے سے اس طرح سے بنایا جاتا ہے کہ یہ انسولین ہو بہو ویسی ہی انسولین ہو جیسی قدرتی طور پر ایک صحت مند انسان کے جسم میں پیدا ہوتی ہے۔ آپ کے جسم کا ردعمل انسانی انسولین کے لئے بالکل نارمل اور مضر صحت اثرات سے پاک ہوتا ہے۔

مختلف اقسام کی انسولین

ہر صحت مند آدمی جس کو ذیابیطس نہیں ہے، جب خوراک کھاتا ہے تو لبلبہ اس میں خون کے ذریعے انسولین ملا کر جسم کو غذا کے ذریعہ طاقت فراہم کرتا ہے۔ دن کے مختلف اوقات میں خون میں قدرتی انسولین جو لبلبہ پیدا کرتا ہے، کی مقدار کبھی بڑھتی ہے کبھی کم ہو جاتی ہے۔ قدرتی انسولین فوراً اپنا اثر ظاہر کرتی ہے اور اپنا کام کرنے کے بعد ختم ہو جاتی ہے۔

ذیابیطس میں عموماً لبلبہ ضرورت کے مطابق انسولین نہیں بناتا جس وجہ سے انسولین کے ٹیکے لگانے کی ضرورت پیش آتی ہے۔ آپ کے لئے ضروری ہے کہ آپ ایسی صورت میں انسولین کے ٹیکے لگائیں تاکہ آپ کے جسم میں شکر کی مقدار اتنی ہی رہے جتنی کہ ایک صحت مند آدمی میں ہونی چاہئے۔

یقیناً آپ یہ نہیں چاہیں گے کہ دن میں کئی بار ٹیکے لگانے پڑیں اس سے بچنے کے لئے دوا ساز کمپنیوں نے مختلف اقسام کی انسولین بنائی ہیں۔ ان اقسام کی شناخت انسولین کی بوتل پر لکھے حروف اور لیبل (Label) کے رنگ سے ہوتی ہے۔

انسولین کی مندرجہ ذیل اقسام اکثر اوقات استعمال کی جاتی ہیں۔

R= ریگولر (Regular) انسولین

N= این پی ایچ (NPH) انسولین

70/30=70% این پی ایچ اور 30% ریگولر انسولین جو پہلے سے ہی ملے ہوئے ہوتے ہیں۔

آپ کو کتنی انسولین درکار ہے

چونکہ ہر انسان ایک دوسرے سے مختلف ہے اس لئے آپ کا ڈاکٹر مشورہ دے گا کہ آپ کو کتنی مقدار میں انسولین درکا ہے۔ اس مقدار کے لینے میں بہت سے عوامل شامل ہیں۔

نمبر 1 آپ کا جسمانی وزن کتنا ہے

نمبر 2 آپ کتنی ورزش کرتے ہیں

نمبر 3 آپ کتنا کھانا کھاتے ہیں

نمبر 4 آپ کی عام صحت کیسی ہے

نمبر 5 آپ کس قدر ذہنی دباؤ میں مبتلا ہیں۔

آپ محسوس کریں گے کہ یہ عوامل وقت کے ساتھ تبدیل ہوتے رہتے ہیں اس لئے آپ کو اس بات کا خیال رکھنا ہوگا کہ آپ کو کس مقدار میں انسولین کی ضرورت ہے۔

انسولین کی پیمائش یونٹ میں ہوتی ہے۔ انسولین کا ایک یونٹ خالص انسولین کی ایک چھوٹی سی مقدار ہوتی ہے۔ دنیا بھر میں اس کا یہی پیمانہ ہوتا ہے۔

پاکستان میں U100 انسولین دستیاب ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ایک ملی لیٹر انسولین میں 100 یونٹس شامل ہوتے ہیں۔ 10 ملی لیٹر بوتل میں 10x100=1000 یونٹس انسولین ہیں۔

آپ کو کون سی انسولین استعمال کرنی چاہئے؟

آپ کا ڈاکٹر تجویز کرے گا کہ آپ کے لئے کون سی اور کتنی مقدار میں انسولین مفید ہے۔ ڈاکٹر آپ سے کہہ سکتا ہے کہ آپ ایک سے زیادہ قسم کی انسولین لیں اور دن میں ایک سے زیادہ بار لیں۔ تاکہ جسم میں انسولین کی مناسب مقدار پہنچے اور استعمال شدہ غذا کو توانائی میں بدل دے۔

مثال کے طور پر ہو سکتا ہے آپ کو Regular اور NPH کی ضرورت ہو۔

ہو سکتا ہے آپ کو صرف NPH کی ضرورت ہو۔

ہو سکتا ہے آپ کے لئے پہلے سے ملی ہوئی انسولین 70/30 مفید ہو۔

اگر آپ کا علاج صحیح ہو رہا ہے تو آپ کے خون کے جاذب (Receptors) ٹھیک کام کر رہے ہوں گے اور وہ شکر کو خون کے بہاؤ سے جسم کے خلیوں میں بآسانی داخل ہونے دیں گے۔ آپ کے علاج کا صحیح اندازہ آپ کے خون میں موجود شکر کی مقدار سے ہو سکتا ہے۔

مجلس خدام الاحمدیہ یوگنڈا کا سالانہ اجتماع

مکرم محمد داؤد بھٹی صاحب مربی سلسلہ یوگنڈا

مورخہ 9-10 ستمبر 2006ء کو مجلس خدام الاحمدیہ یوگنڈا کا سالانہ اجتماع جنجہ زون میں منعقد ہوا۔ اس پروگرام میں شمولیت کے لئے ملک کی تمام جماعتوں کے خدام نے شرکت کی۔ یہاں خدام کی تنظیم سات زونز میں تقسیم ہے۔

اجتماع سے قبل ہی مکرم ڈاکٹر موسیٰ سیکیکوبے (Dr.Musa Sekikubo) صدر مجلس خدام الاحمدیہ یوگنڈا نے ایک کمیٹی تشکیل دی جس نے اجتماع کا تمام پروگرام ترتیب دیا جس کے مطابق تمام مجالس کو اس سے آگاہ کیا گیا۔

پروگرام کے مطابق 9 ستمبر بروز ہفتہ اجتماع کا افتتاح تلاوت قرآن کریم، عہد، دعا اور صدر صاحب کے خطاب سے ہوا۔ اس کے بعد خدام کے مابین کھیلوں کے مقابلے ہوئے۔ ان مقابلوں میں فٹ بال، والی بال، رسہ کشی اور دوڑیں شامل تھیں۔

تمام کھیلیں بیت احمدیہ جنجہ کے قریب ہی ایک میدان میں منعقد ہوئیں۔ احمدی اور غیر احمدی سینکڑوں کی تعداد میں شامل ہوئے اور کھلاڑیوں کو بھرپور داد سے نوازا۔ یوگنڈا میں فٹ بال بڑے شوق اور ولولہ سے کھیلا اور پسند کیا جاتا ہے اس لئے خدام کی ٹیموں کو سات مختلف زونز میں تقسیم کر دیا گیا اور ان کے مابین میچ کروائے گئے۔

نماز مغرب اور عشاء کی ادائیگی کے بعد دو تقاریر ہوئیں جن کے عنوان تھے ''اطاعت اور خدام الاحمدیہ کی ذمہ داریاں'' اور ''دین حق کے بارہ میں تعلیم کی اہمیت''۔ ان تقاریر کے بعد مجلس سوال و جواب کا انعقاد کیا گیا جو لوکل زبان میں ہوا۔ لوکل مربیان نے خدام کے سوالات کے جوابات دئے۔ اور آخر پر خدام میں کھانا تقسیم کیا گیا۔

دوسرے دن 10 ستمبر بروز اتوار کو اجتماع کا آغاز نماز تہجد سے ہوا اور نماز فجر کے بعد درس دیا گیا جس کا عنوان تھا ''محنت کی عظمت، احادیث کی روشنی میں'' آج کا دن خاص طور پر علمی مقابلہ جات پر مشتمل تھا۔ اس اجتماع میں تلاوت قرآن کریم، حفظ قرآن کریم، حفظ احادیث مبارکہ، تقاریر کے مقابلے ہوئے۔ تقاریر کے لئے دو عناوین مقرر تھے یعنی ''خلافت کی برکات'' اور ''اطاعت''۔

علمی مقابلے 11 بجے تک جاری رہے۔ اس کے بعد خدام کے مابین کھیلوں کے فائنل مقابلے ہوئے۔ ورزشی مقابلہ جات کے بعد پروگرام کے مطابق ظہر وعصر کی نمازیں ادا کی گئیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد علمی و ورزشی مقابلہ جات میں جیتنے والی ٹیموں کو انعامات تقسیم کئے گئے جو مکرم عنایت اللہ صاحب زاہد امیر و مشنری انچارج یوگنڈا نے دیئے۔

انعامات کے بعد مکرم امیر صاحب نے خدام سے خطاب کیا اور خدام کو ان کی ذمہ داریوں کی طرف توجہ دلائی۔ مکرم امیر صاحب نے سیرت النبی ﷺ کے چنیدہ واقعات سے اطاعت کی اہمیت بیان کی۔

اس خطاب کا لوکل زبان میں ترجمہ ساتھ کے ساتھ پیش کیا گیا۔ جنجہ ٹاؤن کے لوکل میئر نے بھی اختتامی پروگرام میں شرکت کی اور اپنے خطاب سے نوازا۔

دعا کے ساتھ یہ اجتماع کامیابی سے اختتام پذیر ہوا۔ اس اجتماع میں کل 250 خدام شامل ہوئے۔

اللہ تعالیٰ اس اجتماع کو ہر رنگ میں بابرکت فرمائے اور خدام کو دینی تعلیمات پر عمل کرنے اور عہد و پیمان کو مضبوط رنگ میں نبھانے کی توفیق دے۔ آمین

(الفضل انٹرنیشنل یکم دسمبر 2006ء)

ستیہ گرہ

☆ 1907ء میں جنوبی افریقہ میں ایشیائی باشندوں سے نسلی امتیاز پر مبنی ایک قانون نافذ ہوا جس کے تحت جنوبی افریقہ میں آباد ایشیائی بالخصوص ہندوستانی باشندے اپنے فنگر پرنٹس جمع کروانے کے پابند تھے۔ اس قانون کے خلاف ایک ہندوستانی وکیل، موہن داس کرم چند گاندھی نے تحریک چلائی جسے گاندھی کی ستیہ گرہ تحریک کا نام دیا گیا۔

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جا رہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 70623 میں ملک بلال احمد

ولد ملک رفیق احمد سعید قوم ملک اعوان پیشہ طالب علم عمر 20 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن کوارٹرز تحریک جدید ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 26-4-07 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ ملک بلال احمد۔ گواہ شد نمبر 1 عطاء الوہاب ولد حافظ عبدالحفیظ۔ گواہ شد نمبر 2 عمر احمد ولد رانا فاروق احمد

مسل نمبر 70624 میں محمد اشرف ڈوگر

ولد محمد شریف ڈوگر قوم ڈوگر پیشہ تدریس عمر 41 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالنصر شرقی ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 16-4-07 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) رہائشی 10 مرلہ مکان مالیتی اندازاً -/1600000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/11500 روپے ماہوار بصورت پنشن + تدریس مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ محمد اشرف ڈوگر۔ گواہ شد نمبر 1 نصیب احمد ولد محمد علی۔ گواہ شد نمبر 2 ماسٹر مظفر احمد ولد چوہدری عبدالرحیم

مسل نمبر 70625 میں شبانہ اکرم

زوجہ محمد اکرم قوم بندیشہ جٹ پیشہ خانہ داری عمر 42 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن طاہر آباد غربی ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 18-5-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) 8 مرلہ مکان واقع طاہر آباد غربی ربوہ مالیتی -/1000000 روپے کا 1/2 حصہ (2) حق مہر نقد موجود -/20000 روپے (3) طلائی زیور ڈیڑھ تولہ مالیتی -/21000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ شبانہ اکرم۔ گواہ شد نمبر 1 نصیر الدین انجم ولد چوہدری شمس الدین۔ گواہ شد نمبر 2 محمد اکرم خاوند موصیہ

مسل نمبر 70626 میں تنویر احمد

ولد شریف احمد قوم جٹ پیشہ کاروبار عمر 35 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالعلوم جنوبی احد ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 8-7-07 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) زرعی اراضی 24 ایکڑ دیھہ نصرت ضلع نواب شاہ اندازاً مالیتی -/1200000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/4000 روپے ماہوار بصورت کاروبار مل رہے ہیں۔ اور مبلغ -/24000 روپے سالانہ آمد از جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ تنویر احمد۔ گواہ شد نمبر 1 شریف احمد علوی ولد غلام نبی۔ گواہ شد نمبر 2 مرزا محمد اکبر ولد مرزا محمد عنایت

مسل نمبر 70627 میں شگفتہ جبین

بنت ضیاء الدین قوم بھٹی پیشہ طالب علم عمر 20 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالعلوم جنوبی احد ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 5-6-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ شگفتہ جبین۔ گواہ شد نمبر 1 ضیاء الدین ولد عبدالرشید۔ گواہ شد نمبر 2 شفیق احمد مربی سلسلہ ولد عبدالرشید

مسل نمبر 70628 میں امتہ الحئی

